# بے مثل ہے ذات رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی

نئے الفاظ: کثرت ، سستانے ، مُہار ، طے ، وصولی ، ناپ تول

املا:

مدینہ منورہ میں کھجوریں کثرت سے پیدا ہوتی تھیں۔ اِرد گرد کے لوگ کھجوریں خریدنے مدینہ منورہ آتے رہتے تھے۔ ایک دفعہ کچھ لوگ کھجوریں خریدنے کے لیے مدینہ منورہ آئے۔ مدینے کے قریب پہنچ کر یہ لوگ کچھ دیر سستانے کے لیے شہر سے باہر ہی ٹھہر گئے۔ ان لوگوں کے پاس ایک سُرخ اُونٹ تھا جس کو مُہار ڈالی ہوئی تھی۔